05/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ انوار الحق سے خبریں سُنئے

وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کل نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں داخلہ سیکریٹری گووند موہن ، فوج کے سربراہ جنرل اوپندر دویدی اور کئی دیگر افسروں نے بھی شرکت کی ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج پریاگراج کا دورہ کر کے مہا کمبھ میلے میں شرکت کریں گے ۔ وہ وہاں امرت اسنان کر کے گنگا پوجا میں بھی حصہ لیں گے ۔ 13 جنوری کو شروع ہوا یہ دنیا کا سب سے بڑا مذہبی اور ثقافتی میلہ 26 فروری کو اختتام کو پہنچے گا ۔

جتیندر سنگھ

نیشنل ہیومن رائٹس کمشن کے رکن پریانک کاننگو نے کل سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے جموں کشمیر میں ناساز گار حالات کی وجہ سے متاثرہ کنبوں خاص طور سے کشمیری پنڈت برادری کے لوگوں کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا ۔

لیفٹننٹ گورنر

ڈوگری زبان کے ایک معروف ادیب چمن اورورا کو ان کے افسانوی مجموعے " اِک ہور اَشوَ تھما" کے لئے بعد از مرگ ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ 2024 سے سرفراز کیا گیا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آنجہانی کے افراد خانہ کو اس ایوارڈ کے لئے مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس اعزاز سے زیادہ سے زیادہ ادیبوں کو ڈوگری زبان کی ترویج اور ترقی کی طرف راغب کرنے میں مدد ملے گی ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے 38 ویں قومی کھیل مقابلوں کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور دوسونے ، ایک چاندی اور چار کانسی کے تمغے جیتنے پر جموں کشمیر ووشو ٹیم کو مبارک باد دی ہے ۔ یہ ٹیم کل جموں میں وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقی ہوئی ۔

قومی کھیل

دہرا دون میں 38 ویں قومی کھیل مقابلے خوش اسلوبی سے جاری ہیں ۔ اطلاعات کے مطابق انڈومان اور نکوبار نے سائکلنگ کے مقابلوں میں سونے کا ایک ، چاندی کا ایک اور کانسے کا ایک تمغہ حاصل کیا ۔ اسی طرح مردوں کے 8 سو میٹر فری سٹائل تیراکی مقابلوں میں دلی کے کُشگرا راوت نے سونے کا تمغہ جیت لیا ۔

سرطان

جموں کشمیر میں کل سرطان بیماری کے خلاف عالمی دن کے سلسلے میں متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن میں طبی ماہرین نے اس بیماری سے بچنے کے احتیاطی تدابیر اور دستیاب علاج و معالجے کی سہولیات کے بارے میں بیداری پیدا کی ۔

اس تعلق سے جب ہم نے شیر کشمیر انسٹیچوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں میڈیکل آنکولوجی شعبے کے ایسو سیٹ پروفیسر ڈاکٹر سید نثار احمد سے بات کی تو انہوں نے کہا ۔

تعزیت

آکاشوانی سرینگر کے انجینئرنگ شعبے کے سینئر ٹیکنیشن ارشاد احمد بٹ کل رات اچانک انتقال کر گئے ۔ آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گُربندر سنگھ، شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر ، شعبہ خبر کے تمام اراکین ، انجینئرنگ عملے ،پروگرام عملے نیز انتظامی عملے نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی ظاہر کی ہے ۔

مرحوم کی اجتماعی فاتحہ خوانی سات فروری جمعہ کو دو پہر اڈھائی بجے ہاوسنگ کالونی چھانہ پورہ میں انجام دی جائے گی ۔

سکینہ ایتو

دریں اثناءصحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے جموں میں ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر میں کینسر بیماری کے خلاف علاج و معالجہ کی جدید سہولیات دستیاب ہیں اور لوگوں کو ان سے استفادہ کرنا چاہئے ۔

اس کانفرنس سے سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور معروف آنکولوجسٹ ڈاکٹر سمیر کول نے بھی خطاب کیا ۔ انہوں نے سماج میں بیداری پیدا کرنے کے لئے اس طرح کی کانفرنسوں کی اہمیت کو اجاگر کیا ۔

ووٹنگ

70 ارکان پر مشتمل دلی اسمبلی کے لئے ووٹنگ کا عمل آج صبح ساتھ بجے شروع ہوا ۔ ووٹنگ شام چھ بجے تک جاری رہے گی ۔ آج کی ووٹنگ کے دوران ایک کروڑ 56 لاکھ سے زیادہ ووٹر 699 امید واروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ ووٹوں کی گنتی آٹھ فروری کوہو گی۔

اگنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی نے نئے داخلوں اور جاری تدریسی سیشن کےلئے دوبارہ رجسٹریشن کرانے کی تاریخ 15فروری تک بڑھا دی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ